# Our Multilingual VOICES

موسم سرما 2021 www.houstonisd.com/voices ایڈیشن | ایشو 2

## والدین کے لئے پیغام ---

# اولنگا (Olanga) کے الفاظ



**تصویر میں اولانگا کے دائیں جانب ان کی والدہ مش بورا ہیں جو اپنے سلائی کے ہنر پر کام کرنا جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ان کے بائیں جانب ان کی بہن بیٹھی ہیں جو یو ایس نیشنل گارڈ میں ہمارے ملک کی خدمت کر رہی ہیں۔ فی الوقت اولانگا رجسٹرڈ نرس بننے کے لئے اپنی تعلیم پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں۔**

اولاشکوکو فیملی ان کئی خاندانوں میں سے ایک کی نمائندگی کرتی ہے جو ریاست ہائے متحدہ میں ہجرت کر کے آئے تھے۔ ہم اولانگا سے ملے، یہ ان پانچ بچوں میں سے ایک ہیں جنہوں نے سات سال قبل اپنے والدین کے ساتھ کانگو کا ملک چھوڑ کر ریاست ہائے متحدہ کا سفر شروع کیا۔ ان کی فیملی ایک بڑی بہن کو وہیں چھوڑ آئی جو کہ شادی شدہ تھی اور اس کے تین بچے تھے، وہ سفر نہیں کر سکتی تھی۔ اولانگا کو یاد ہے کہ اپنے بہن کو وہیں چھوڑنا کتنا مشکل تھا؛ وہ رابطے میں رہتے ہیں مگر اب دوبارہ اکٹھے ہونے کی امید کم ہے۔

کانگو میں بدامنی اور خانہ جنگی کے باعث ان کے والدین نے ملک چھوڑ کر اپنے بچوں کے لئے بہتر زندگی کے حصول کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے کینیا کے پناہ گزین کیمپوں میں دو مشکل سال گزارے۔ کانگو میں اپنا گھر چھوڑ کر خیموں میں رہنا ایسی تبدیلی تھی جس کے لئے اولانگا اور ان کے بھائی بہن تیار نہیں تھے۔ خراب حالات، کچھ حد تک صحرائی ماحول جہاں ان کے خیمے اکثر سیلاب میں بہہ جاتے تھے۔ کینیا کے حالات ایسے تھے کہ اپنی خوراک نہیں اگائی جا سکتی تھی، صرف کینوں والی خوراکیں محدود مقدار میں دستیاب تھیں۔ یہ وہ جگہ تھی جہاں ان کے بیمار محافظ اور والد مزید بیمار ہو گئے اور انہیں طبی نگہداشت کی ضرورت پڑی۔

کینیا میں دو سال بعد فیملی نے بہتر زندگی کے سفر کے دوسرے مرحلے کا آغاز کیا جو انہیں نائروبی لے آیا۔ یہاں ان کے والد کی صحت بحال ہو گئی۔ یو ایس میں زندگی جینے کی اولاشکوکو فیملی کی امید ان کے ساتھ رہی، یہاں تک کہ 5 سال بعد انہوں نے اپنا سفر کیا۔

آج اولانگا ان 3 سالوں پر محبت سے نظر ثانی کرتے ہیں جو انہوں نے اور ان کی فیملی نے ہیوسٹن، ٹیکساس میں اپنے نئے گھر میں گزارے۔ وہ ہیوسٹن میں اپنی نئی زندگی اور ہیوسٹن انڈیپینڈنٹ اسکول ڈسٹرکٹ کے اساتذہ کی فراہم کردہ معاونت پر تشکر کا اظہار کرتے ہیں۔

اولانگا سے پوچھا گیا کہ آیا وہ اپنی فیملی کے یو ایس آنے کے فیصلے پر پچھتاتے ہیں۔ انہوں نے کہا، "شروع میں میرے پاس یہاں آنے کے متعلق سوالات تھے۔ یہ بالکل مختلف تھا۔ کیا ہم یہاں جی سکتے تھے؟ یہاں رہنے کے بعد وہ سارے خوف دم توڑ گئے۔ پھر ہم مس شیرن سے ملے، وہ ہماری معلم بن گئیں، انہوں نے ہماری فیملی کو درست راہ پر لانے میں مدد دی۔"

یہ راہ اولانگا کی بہن پرسٹا کو نیشنل گارڈ کی ملٹری شاخ میں ملک کی خدمت کی منزل پر لے آئی۔ جب وہ ہمارے مرکزی کیمپسز میں سے ایک ویسٹ سائیڈ ایچ ایس میں تعلیم حاصل کر رہی تھیں تو ان میں یہ کریئر اپنانے شوق پیدا ہوا۔


اولانگا کی راہ انہیں میڈیکل پیشے میں رجسٹرڈ نرس کے کریئر کی جانب لے آئی۔ اگرچہ وہ اپنی تعلیم پر توجہ دیتے ہیں، وہ پیشہ ور ڈانسر بننے کے ہدف سے دستبردار نہیں ہوئے۔ وہ نہایت جوش سے بتاتے ہیں کہ کس طرح وہ فلموں میں آنا چاہتے ہیں اور رقص سکھانا چاہتے ہیں۔ ان کے اپنے الفاظ میں، "سب کچھ ممکن ہے۔ خدا حقیقت میں معجزے کرتا ہے۔"

اولاشکوکو فیملی کا ترک وطن کا سفر دشواریوں سے پاک نہ تھا۔ وہ مضبوط رہے اور اب فیملی خوشحالی کی زندگی بسر کر رہی ہے؛ ان کے والد کی صحت مکمل طور پر بحال ہو چکی ہے اور وہ کاشت کاری کی تربیت لے رہے ہیں اور اولانگا کی والدہ مش ابورا اپنے سلائی کے ہنر کو نکھار رہی ہیں جو کہ انہوں نے اپنے ملک میں سیکھا تھا۔

جب پوچھا گیا کہ "آپ ماضی قریب میں یو ایس ہجرت کرنے والے افراد سے کیا کہنا چاہیں گے؟"، اولانگا نے جواب میں اسکولوں، اساتذہ اور ڈسٹرکٹ کے لئے تشکر کا اظہار کیا، جنہوں نے ان کی اور ان کی فیملی کی مدد کی تھی۔ وہ دوسروں کو یہاں آنے پر خوش آمدید کہتے ہیں تا کہ وہ ایک اچھی تبدیلی کا تجربہ کریں، شاندار اسکولوں میں شرکت کریں جہاں تعلیمی انٹرن شپس دستیاب ہیں اور طلبہ کو اسپورٹس کلبوں، کمیونٹی اور خیال رکھنے والی بڑی سی فیملی تک رسائی حاصل ہے۔

گزشتہ تین سالوں میں اولانگا نے توجہ سے کام کرنے کا طریقہ سیکھا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ "محنت فائدہ دیتی ہے؛ اگر آپ 100 فیصد کام کریں اور عاجز رہیں تو آپ کو 100 فیصد فائدہ ہوتا ہے۔"

## دانائی کا ذرہ



میں ہیوسٹن انڈیپینڈینٹ اسکول ڈسٹرکٹ کی جانب سے آپ کو سلام پیش کرتا ہوں۔ نیا سال مبارک ہو! سال 2021 ہم سب کے لئے ایک شاندار سال کی امید لایا ہے۔ ہماری دنیا میں تبدیلیاں ہونے جا رہی ہیں، مگر ایک چیز کبھی تبدیل نہیں ہو گی اور وہ یہ ہے کہ ہمارے طلبہ ہماری اولین ترجیح ہیں۔ ایسے بہت سے طریقے ہیں جن کے ذریعے آپ بطور والدین اپنے بچے کو کامیاب ہونے میں مدد دے سکتے ہیں۔

**نکولے مور**

والدین یہ چند کام کرتے ہوئے اپنے بچے (بچوں) کو کامیاب ہونے میں مدد دے سکتے ہیں:

- اپنے بچے کو پڑھنے، ورچوئل تعلیم حاصل کرنے یا ہوم ورک کرنے کے لئے کام کی خاموش جگہ فراہم کریں۔ اگر بچوں کے پڑھنے کی جگہ متعین کر دی جائے تو وہ بہتر توجہ دے پاتے ہیں۔
- کتابوں، میگزینز، اخبارات، کامکس وغیرہ کے ساتھ گھر میں لائبریری بنائیں۔ اس سے آپ کے بچے کو پڑھنے کی ترغیب ملے گی ج کے نتیجے میں وہ اچھا لکھاری بن سکے گا۔
- اپنے بچے کے استاد سے رابطے میں رہیں اور یقینی بنائیں کہ وہ تمام اسائنمنٹس مکمل کر رہا ہے اور مضامین کے تمام حصوں میں پاس ہو رہا ہے۔ HISD پیرنٹ کنیکٹ پورٹل پر بھی اس پر نظر رکھی جا سکتی ہے ***https://www.houstonisd.org/psc***
- زیادہ اہم یہ ہے کہ اپنے بچے سے اسکول کے متعلق بات چیت کرنے کا وقت نکالیں، یہ کام روزانہ ڈنر کے وقت کیا جا سکتا ہے جب بچے اپنے دن کے متعلق بات کر سکتے ہیں اور والدین اپنے بچے کے احساسات یا تحفظات جان سکتے ہیں۔ روزانہ حوصلہ افزاء باتیں کریں تا کہ انہیں تحریک ملتی رہے۔
- ایک اور بہترین وسیلہ HISD@Home ***https://www.houstonisd.org/home*** ہے۔

چلیے اپنے بچوں کے ساتھ ملنے والے وقت کا زیادہ سے زایدہ فائدہ اٹھائیں۔ HISD کی انتظامیہ اور اسکول کا عملہ والدین اور بچوں کی معاونت کے لئے تیار اور دستیاب ہے۔ چلیے 2021 کو ایک بہترین سال بنائیں

**نکولے مور، اچیو 180 - علاقے کے سپر انٹنڈنٹ**

## HISD | School Choice
HUNDREDS OF OPTIONS. ONE APPLICATION.

ہمارے تازہ اور بہترین میگنٹ اسکول کے امیدواران میں سے ایک بنیں! اپنے علم اور ہنر کو آخری حد تک بڑھائیں اور اپنی پسند کے میگنٹ اسکولز میں جانے کے لئے رجسٹر کریں۔ ***https://www.houstonisd.org/enroll*** پر جا کر آج کی رجسٹریشن کے عمل کا آغاز کریں

## اہم تاریخیں

**مرحلہ 2: 7 نومبر 2020 – 26 فروری 2021***
**مرحلہ 3: 27 فروری 2021**

*حالیہ HISD طلبہ کے لئے ٹرانسفر کی درخواست دینے کی آخری تاریخ

## 2020-2021 ٹیسٹنگ کیلنڈر

ٹیکساس ایجوکیشن ایجنسی کے ٹیسٹنگ کیلنڈرز جائزے کے لئے دستیاب ہیں۔ STAAR/ STAAR Alt اور TELPAS/ TELPAS Al کے تجزیے کی معلومات کو ***https://bit.ly/3psRRov*** پر کلک کر کے دیکھا جا سکتا ہے

## طلبہ کے میٹرو کرایہ کی معلومات

میٹرو ہیوسٹن، ٹیکساس میں عوامی ذرائع آمدورفت کی ایجنسی ہے۔ یہ بسیں، لائٹ ریلیں، بس ریپڈ ٹرانزٹ، HOV اور HOT لینیں اور شہر میں اور ہیرس کاؤنٹی کے زیادہ تر حصے میں پیرا ٹرانزٹ سروس چلاتی ہے۔

ہمارے علاقے میں محفوظ، صاف، معتبر، قابل رسائی اور ملنسار عوامی ذرائع آمدورفت کی فراہمی میٹرو کا مشن ہے۔

### طلبہ کے میٹرو کرایہ کی معلومات

**کنڈرگارٹن سے 12ہویں گریڈ کے طلبہ**

**مڈل اور ہائی اسکول کے طلبہ نقد ادائیگی کر سکتے ہیں (صرف بس پر) اور اسٹوڈنٹ آئی ڈی کارڈ استعمال کر کے 50 فیصد ڈسکاؤنٹ حاصل کر سکتے ہیں۔ ایلیمنٹری طلبہ بھی آئی ڈی دکھائے بغیر نقد ادائیگی کر سکتے ہیں (صرف بس پر)۔**

**اسٹوڈنٹ میٹرو ®Q فیئر کارڈ**

**طلبہ اسٹوڈنٹ میٹرو ®Q فیئر کارڈ یا میٹرو ڈے پاس حاصل کر سکتے ہیں۔**

**آپ کو موجودہ اسکول آئی ڈی، کلاس شیڈول، اندراج فارم، رپورٹ کارڈ (اسکول لیٹرہیڈ پر) یا اسٹوڈنٹ میٹرو فیئر کارڈ کا والدین یا سرپرست کے دستخط کردہ رجسٹریشن فارم درکار ہو گا۔**

کارڈ کے لئے آن لائن اپلائی کریں یا فارم پرنٹ کر کے ڈاک سے ارسال کریں۔ مزید معلومات کے لئے ***https://www.ridemetro.org/Pages/FareStudent.aspx*** پر کلک کریں۔

## جب آپ یو ایس اسکولوں میں نئے ہوں...

### معمولات اور توقعات

اسکول بھر کی اقدار، سسٹمز اور معاملات اسکول کی ثقافت نافذ کرتے ہیں جو مثبت تعلیمی ماحول اور مضبوط تعلقات کو نمو دیتی ہے۔ اس کا تعلق اصولوں کی تعمیل سے کم اور ہر ایک کے لئے اہم ماحول کے قیام سے زیادہ ہے۔

اسکول کے معاملات اور تعلیمی توقعات کی مثالیں ہیں:

- شیڈول کی پیروی کرنا اور تبدیل ہوتے ہوئے کلاس رومز یا اساتذہ
- مشترکہ تعلیم کی کلاسیں
- بولنے کے لئے ہاتھ اٹھانا
- ہنگامی صورت حال میں کیا کیا جائے
- اسکول کے ماحول میں نظم و ضبط
- کلاس روم سے باہر جانے کے لئے قطار بنانا
- یونیفارم پہننا یا نہ پہننا
- کلاس کی حاضری اور رپورٹ کارڈ گریڈز کی اہمیت
- آزادانہ اور/یا خاموشی سے کام کرنا
- کچھ وقت تک ساکن بیٹھنا (تبدیل ہو سکتا ہے، مگر عموماً 30 تا 90 منٹ کی کلاسوں میں)
- کھلے لاکر روم میں فزیکل ایجوکیشن کی کلاس کے لئے کپڑے بدلنا
- اسکول کے علمے کی ذمہ داریاں اور مخصوص مسائل کے لئے کس کے پاس جانا ہے
- طلبہ اور اساتذہ کس طرح ایک دوسرے سے تعلق رکھتے ہیں اور بات کرتے ہیں

ہر روز کو اتنا قابل توقع اور معمول کے مطابق بنائیں جتنا ممکن ہو۔ اسکول سے پہلے اور بعد میں ایک ہی شیڈول پر عمل کریں۔ یہ اس طرح کا ہو سکتا ہے: اٹھیں، منہ دھوئیں، ناشتہ کریں، کپڑے تبدیل کریں، دانت برش کریں، اسکول یا آن لائن کلاس میں جائیں۔ پلاننگ اچھے دن کی کنجی ہے۔

**پناہ گزین نوجوانوں کو جوڑنا اور بچوں کی خدمات**

یو ایس اسکولز میں نئے طلبہ کا استقبال اور واقفیت۔ 9 دسمبر 2020 کو ***https://brycs.org/schools/welcoming-and-orienting-newcomer-students-to-u-s-schools/*** سے لیا گیا

## TX میں انگریزی سیکھنے والوں کی معاونت

**ہیوسٹن ISD معاونین - *https://www.houstonisd.org/Page/184314***

زبانوں کے انتظامات کی فہرست

**طلبہ کے ڈیجیٹل فسائل**

- زبان اور خواندگی کا تصور کریں
- 6 زبانوں میں غیر ڈیجیٹل وسائل شامل ہیں - اردو، سواہیلی، پالش، کیرن، فارسی، برمیز ***http://bit.ly/3osYYf5***

**والدین کے وسائل**

**ٹیکساس ایجوکیشن ایجنسی سپورٹس**

ٹیکساس میں انگریزی سیکھنے والوں کی معاونت - - ***http://bit.ly/3t69k8k***

TEA کو اپنی رائے سے آگاہ کرنے کے لئے ***والدین اور فیملی*** کا سروے بھریں، تا کہ ایجنسی اور ڈسٹرکٹ آپ اور آپ کی بچوں کی بہتر معاونت کر سکے۔

## دو لسانی بچے کی تربیت

# ریاست انگریزی زبان سیکھنے والوں کی زبان کی پیشرفت پر کیسے نظر رکھتی ہے

ٹیکساس انگریزی زبان کی شستگی کا نظام (TELPAS) ٹیکساس پبلک اسکولز کے ان طلبہ کا سالانہ امتحان ہے جو انگریزی زبان سیکھ رہے ہیں۔ یہ اس پیشرفت کا امتحان ہے جو تعلیمی انگریزی کے استعمال میں شستہ ہونے کے لئے ہر EL چار شعبوں میں کرتا ہے: سماعت، بول چال، مطالعہ اور لکھائی۔

طلبہ کی تعلیمی صلاحیتکو بہترین حد تک بڑھانے کے لئے اہم ہے کہ وہ انگریزی سیکھنے کے عمل میں مستحکم پیش رفت کریں۔ ذیل میں آپ ٹیکساس ایجوکیشن ایجنسی (TEA) کی مجوزہ چند سرگرمیاں دیکھ سکتے ہیں جو TELPAS کی تیاری میں آپ کے بچے کی معاون ہو سکتی ہیں۔



- ادبی ماحول تخلیق کریں
- اکٹھے یا علیحدہ علیحدہ مطالعہ کریں
- آڈیو بکس نیں اور موضوع، کرداروں اور کتاب کے بہترین حصوں کے متعلق باتیں کریں۔
- روزانہ لکھیں۔
- کہانیاں سنائیں
- روزانہ باتیں کریں

اس سرگرمیوں پر عمل درآمد کرنے کے متعلق مزید معلومات کے لئے براہ کرم درج ذیل لنک پر جائیں:

انگریزی: ***https://bit.ly/3clsG3q*** ہسپانوی: ***https://bit.ly/3iWMHOU***

## ہیروڈ ایلیمنٹری اسکول




**ہڈالگو فیملی ہیروڈ ایلیمنٹری کی 25ویں ڈونل لینگویج سالگرہ کا لطف اٹھاتے ہوئے۔ ان کے بچے کرسٹل ہڈالگو *(تیسری)* اور جونل ہڈالگو *(دوسری)* HISD کے پیونیئر ڈی ایل کیمپس میں جاتے ہیں۔ فیملی ان تعلیمی فوائد کے حصول کی منتظر ہے جو ڈونل لینگویج اپنے اسکالرز کو پیش کرتا ہے۔**

آج کل تقریباً تمام والدین کا خواب ہے کہ ان کا بچہ دو زبانیں بولتا اور لکھتا ہو اور دو ثقافتوں کا حامل ہو۔ تیزی سے بدلتی اور ارتقاء پزیر دنیا میں کئی زبانوں میں گفتگو کے قابل ہونا صرف ایک ہنر نہیں بلکہ ایک تحفہ ہے جو نفع پہنچاتا رہتا ہے۔ جب آپ دو (یا کئی) لسانی ہوتے ہیں تو آپ کے لئے بے انتہا مواقع کھلے ہوتے ہیں؛ اس لئے اپنے بچے کو کم عمری سے کم از کم دو زبانیں شستگی سے بولنے کی اہلیت فراہم کرنا انہیں کامیابی کے لئے تیار کرنے کا بہترین طریقہ ہے۔

جب آپ HISD میں ہیروڈ ایلیمنٹری اسکول کے مشن پر غور کریں گے، تو آپ سمجھ جائیں گے کہ ہیروڈ کے اساتذہ اور انتظامیہ نے اسی کام کے لئے خود کو وقف کیا ہے، "گیری ایل ہیروڈ ایلیمنٹری اسکول میں بطور ایک پرعزم کمیونٹی ہمارا یہ مشن ہے کہ ایک دلچسپ اور باعزت تعلیمی ماحول فراہم کیا جائے جہاں تمام طلبہ سماجی، جذباتی اور تعلیمی طور پر اپنی صلاحیتوں پر عبور حاصل کر سکیں۔"

HISD میں پہلے دو زبانی پروگرام کے آغاز کے 25 سال بعد ہیروڈ ای ایس بچوں کو اپنی صلاحیتوں پر مکمل عبور حاصل کرنے میں مدد دینے کے لئے دو لسانیت کا بہترین موقع فراہم کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ام معلمین کے علاوہ والدین، طلبہ اور انتظامیہ کی انتھک محنت اور کوشش کو تسلیم کرنا چاہتے ہیں جس کی بدولت طلبہ کو دو زبانیں بولنے، لکھنے اور دو ثقافتی شہری بننے کے لئے ضروری ہنر اور مہارتیں فراہم کی گئیں تا کہ وہ اپنی کمیونٹی، معاشرے اور دنیا میں حصہ ڈال سکیں۔

ہیروڈ فیملی کا شکریہ، جنہوں نے دو زبانیں بولنے، لکھنے اور دو ثقافتی بننے میں ہمارے HISD طلبہ کی حوصلہ افزائی کی تا کہ وہ اپنے علم اور صلاحیتوں کے ذریعے اپنی کمیونٹیز میں حصہ ڈال سکیں۔ مزید معلومات کے لئے براہ کرم ***https://www.houstonisd.org/herodelem*** پر جائیں

پرنسپل: Gina Colión.

ای میل: ***gcolionh@houstonisd.org***